گرامر کا سبق 7c مزید فیہ: تَدَبَّرَ

گزشتہ اسباق میں ہم نے مزید فیہ کے پانچ اہم اسٹائل سیکھے۔ آگے آنے والے اسباق میں ہم مزید تین اسٹائل سیکھیں گے جو اتنے زیادہ عام نہیں ہیں۔ اب ہم تَدَبَّرَ کے مختلف صیغے بنائیں گے (دَبَرَ ← تَدَبَّرَ)۔ سامنے والے تَـ کو اور شدہ کو تمام صیغوں میں ساتھ لے کر چلنا ہے۔ قرآن میں اس طرح کے افعال تقریباً **400** بار آئے ہیں۔

- مضارع کی چابی: یَتَدَبَّرُ۔
- امر کی چابی: تَدَبَّرْ۔ آخری حرف پر سکون لگائیے۔ یہاں یہ یاد رکھیے کہ آخری حرف سے پہلے حرف پر زیر نہیں لگانا ہے۔
- اسم فاعل یا اسم مفعول: ماضی کی چابی پر مُ لگانا ہے اور آخری حرف سے پہلے زیر یا زبر: مُتَدَبِّر، مُتَدَبَّر

تَدَبَّرَ: اس نے غور کیا (خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

فعل ماضٍ		فعل مضارِع		فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام	
تَدَبَّرَ	اس نے غور کیا	یَتَدَبَّرُ	وہ غور کرتا ہے	تَدَبَّرْ	غور کر!
تَدَبَّرُوْا	ان سب نے غور کیا	یَتَدَبَّرُوْنَ	وہ سب غور کرتے ہیں	تَدَبَّرُوْا	غور کرو!
تَدَبَّرْتَ	آپ نے غور کیا	تَتَدَبَّرُ	آپ غور کرتے ہیں	لَا تَتَدَبَّرْ	مت غور کر!
تَدَبَّرْتُ	میں نے میں غور کیا	أَتَدَبَّرُ	میں غور کرتا ہوں	لَا تَتَدَبَّرُوْا	مت غور کرو!
تَدَبَّرْتُمْ	آپ سب نے غور کیا	تَتَدَبَّرُوْنَ	آپ سب غور کرتے ہیں	مُتَدَبِّر	غور کرنے والا
تَدَبَّرْنَا	ہم سب نے غور کیا	نَتَدَبَّرُ	ہم سب غور کرتے ہیں	مُتَدَبَّر	جس پر غور کیا جائے
تَدَبَّرَتْ	اس عورت نے غور کیا	تَتَدَبَّرُ	وہ عورت غور کرتی ہے	تَدَبُّر	غور کرنا

عربی بول چال

هَلْ يَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ؟	نَعَمْ، يَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ.
هَلْ يَتَدَبَّرُوْنَ فِي الْقُرْاٰنِ؟	نَعَمْ، يَتَدَبَّرُوْنَ فِي الْقُرْاٰنِ.
هَلْ تَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ؟	نَعَمْ، أَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ.
هَلْ تَتَدَبَّرُوْنَ فِي الْقُرْاٰنِ؟	نَعَمْ، نَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ.

کلاس کے بعد آپس میں سوالات و جوابات کیجیے:

- فعل ماضي: هَلْ تَدَبَّرْتَ فِي الْقُرْاٰنِ؟ نَعَمْ، تَدَبَّرْتُ فِي الْقُرْاٰنِ.
- فعل امر: تَدَبَّرْ فِي الْقُرْاٰنِ! أَتَدَبَّرُ فِي الْقُرْاٰنِ.
- اسم فاعل/اسم مفعول: هَلْ أَنْتَ مُتَدَبِّرٌ فِي الْقُرْاٰنِ؟ نَعَمْ، أَنَا مُتَدَبِّرٌ فِي الْقُرْاٰنِ.

تَدَبَّرَ ہی کی طرح تَوَکَّلَ (اس نے بھروسہ کیا) کا پورا ٹیبل بنایا جاسکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔